

سِول میرج کی تقریبات

اپنی سول میرج کی تقریب کو

www.brampton.ca/SkipTheLine

پر آن لائن بک کریں۔

یا آج ہی سٹی کلرک کے دفتر میں جائیں!

مزید معلومات کے لیے، براہ کرم سٹی کلرک کے دفتر سے 905.874.2101 پر رابطہ کریں یا برامپٹن سٹی ہال، 2 ویلنگٹن اسٹریٹ ویسٹ میں ہم سے ملیں۔

مانگے جانے پر متبادل فارمیٹ دستیاب ہیں۔

BRAMPTON

بکنگ

بکنگ ذاتی طور پر سٹی ہال میں واقع سٹی کلرک کے دفتر میں پیر تا جمعہ صبح 8:30 بجے سے شام 4 بجے تک (عوامی تعطیلات کو چھوڑ کر) یا آن لائن طور پر بذریعہ: www.brampton.ca/SkipTheLine کی جا سکتی ہے ۔

- تاریخیں اور اوقات دستیابی سے مشروط ہیں۔
- تقریب کی بکنگ سے پہلے شادی کا ایک موزوں لائسنس خریدنا ضروری ہے۔

مقام

سول میرج کی تقریبات 2 ویلنگٹن سٹریٹ ویسٹ، برامپٹن میں واقع برامپٹن سٹی ہال میں منگل سے جمعہ تک اوقات کار کے دوران منعقد کی جاتی ہیں (عوامی تعطیلات کو چھوڑ کر)۔ مذکورہ جگہ میں شادی کرنے والے جوڑے، گواہوں اور مہمانوں سمیت زیادہ سے زیادہ آٹھ (8) افراد کی گنجائش موجود ہے (کسی استثناء کی اجازت نہیں ہے)۔ جوڑے کو گھروں سے اپنے عروسی ملبوسات میں ملبوس ہو کر اور تیار ہو کر آنا ہو گا، کیونکہ یہاں پر چینج کرنے کی سہولت دستیاب نہیں ہے۔ تقریب کے وقار کو برقرار رکھنے کے لیے اس موقع کی مناسبت سے ذاتی لباس مناسب ہونا چاہیے، مگر کسی بھی رسمی لباس کی شرط لاگو نہیں ہوتی۔

تاخیر کی پالیسی

یہ سفارش کی جاتی ہے کہ تمام فریقین (جوڑہ اور دو گواہ) اپنی طے شدہ تقریب سے 15 منٹ پہلے ایک ساتھ پہنچیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ تقریب آپ کے طے شدہ وقت کے مطابق منعقد کی جا سکے۔

درخواست دہندگان، گواہان اور مہمان جو مقررہ تقریب میں تاخیر سے پہنچیں گے ان کو جگہ نہیں دی جائے گی - کوئی استثنا نہیں۔

تاخیر سے پہنچنے والے درخواست دہندگان کو "غیر حاضر" سمجھا جائے گا، تقریب منسوخ کر دی جائے گی اور فیسیں واپس نہیں کی جائئیں گی۔ اس پالیسی میں کوئی استثنا نہیں ہے۔

فیسیں

سول میرج کی تقریب کی فیس $250 جمع ($282.50) HST ہے۔ فیس میں شادی کے لائسنس کی قیمت شامل نہیں ہے، جسے الگ سے خریدنا ضروری ہے۔

- بکنگ کے وقت بکنگ کی پوری فیس ادا کی جانی چاہیے۔

گواہان

دو (2) گواہوں کی ضرورت ہوتی ہے (ہر درخواست دہندہ کے لیے ایک) اور انہیں شادی کی تقریب کے دوران لازمی طور پر موقع پر موجود رہنا ہو گا۔ گواہوں کو فی گواہ $30 کی فیس پر مہیا کیا جا سکتا ہے اور

تقریب سے کم از کم تین (3) کاروباری دن پہلے بک کرانا ضروری ہے۔

گواہوں کی عمر کم از کم 16 سال ہونی چاہیے اور انہیں انگریزی زبان کی سمجھ اور بولنی چاہیے۔

منسوخ کرنے کی پالیسی

طے شدہ تقریب سے سات (7) کاروباری دن پہلے تک تقریب منسوخ کرائی جا سکتی ہے اور فیس واپس لی جا سکتی ہیں اور یہ $50.00 جمع ($56.50) HST ایڈمنسٹریشن فیس کے ساتھ مشروط ہے۔

شادی کی طے شدہ تقریب سے سات (7) کاروباری دنوں سے کم وقت پر منسوخ کی جانے والی تقریبات کی فیسیں واپس نہیں کی جائیں گی۔

تاریخ کی تبدیلی

طے شدہ تقریب سے سات (7) کاروباری دن پہلے تک تقریب میں تاریخ کی تبدیلی کی جا سکتی ہے اور فیس واپس لی جا سکتی ہیں اور یہ $50.00 جمع ($56.50) HST ایڈمنسٹریشن فیس کے ساتھ مشروط ہے۔

تقریب سے پہلے سات (7) کاروباری دنوں سے کم وقت میں تاریخ کی تبدیلی کو تقریب کی منسوخی کے مترادف سمجھا جائے گا اور کوئی فیس واپس نہیں کی جائے گی۔ تاریخ یا ٹائم سلاٹ میں تبدیلی کی کوئی بھی درخواست دستیابی سے مشروط ہے۔

تقریب

- تقریب کا دورانیہ 30 منٹ تک کا ہوتا ہے۔
- چھوٹے پھولوں کی مدد سے آرائش کی اجازت ہے، لیکن تقریب ختم ہونے کے بعد درخواست دہندگان کو یہ پھول وغیرہ خود ہٹانے ہوں گے۔
- تقریب میں یا سٹی ہال کے اندر موم بتیوں، کنفیٹی، چاول، اینسنس، بلبلوں یا اسی طرح کی دیگر اشیاء کی اجازت نہیں ہے۔

ترجمان

اگر درخواست دہندگان کو انگریزی زبان پڑھنے اور سمجھنے میں اچھی مہارت حاصل نہ ہو، تو انہیں ایک ترجمان فراہم کرنے کی ضرورت ہو گی۔

- ترجمان کو شادی کی تقریب سے پہلے اپنی قابل قبول تصویری شناخت فراہم کرنے اور ترجمانی کا حلفیہ فارم مکمل کرنے کی ضرورت ہو گی۔
- ترجمان گواہ نہیں بن سکتا۔